سوال

(386) دارالاسلام دارالحرب کی کیا تعریف ہے ؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

دارالاسلام دارالحرب کی کیا تعریف ہے؟ ہندوستان کس قسم سے ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

دارالاسلام وہ ملک ہے ۔ جہاں ادائے ارکان اسلام کی آزادی ہو۔ حدود شرعیہ جاری ہوں ۔ جیسے آج کل حجاز۔ نجد۔ وغیرہ دارالحرب وہ ہے ۔ جس کا بادشاہ غیر مسلم ہو۔ اور مسلم حکومت سے اس کی جنگ ہو۔ ہندوستان نہ دارالاسلام ہے ۔ نہ دارالحرب بلکہ بقول مولانا محمد حسین بٹالوی مرحوم دارالسلام ہے ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد 2 ص 360

محدث فتویٰ